# چیئرمین کا پیغام

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے، مجھے 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لیے OLP فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ کی سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے۔

گزشتہ سال پاکستان کی معیشت کے لیے ایک اہم موڑ ثابت ہوا۔ بحالی کی علامات واضح ہیں کیونکہ شرحِ نمو مستحکم ہو گئی ہے، افراطِ زر قابو میں رہا ہے، اور ملک نے چودہ سال بعد اپنا پہلا کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس ریکارڈ کیا ہے۔ مانیٹری پالیسی میں نرمی اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کی بحالی کے ساتھ، پائیدار ترقی کی بنیادیں مضبوط ہو رہی ہیں۔ اوایل پی کے لیے یہ مثبت تبدیلیاں اس امر کو اجاگر کرتی ہیں کہ لچک کو برقرار رکھتے ہوئے ابھرتے ہوئے مواقع سے فائدہ اٹھانے کی تیاری کی جائے۔

محتاط حکمتِ عملی کے تحت اوایل پی نے متوازن طریقے سے نئے مالیاتی طرز پر عمل کیا اور پورٹ فولیو کے معیار کو مزید مستحکم کیا۔ اس دوران، نئی ادائیگیاں بڑھ کر 20.57 بلین روپے تک پہنچ گئیں، جو گزشتہ سال کے 16.04 بلین روپے کے مقابلے میں زیادہ ہیں اور اس سے SMEs تک ہماری بڑھتی ہوئی رسائی کی عکاسی ہوتی ہے۔ کل اثاثے 10.8 فیصد بڑھ کر 35.41 بلین روپے ہو گئے، جسے مضبوط ریکوریز اور مؤثر پورٹ فولیو مینجمنٹ نے سہارا دیا۔ ان کوششوں کے نتیجے میں بقایاجات کی شرح میں نمایاں کمی آئی، جو ہمارے نظم وضبط پر مبنی رسک کنٹرول کے عزم کو ظاہر کرتی ہے۔

قبل از ٹیکس منافع 2,012 ملین روپے رہا، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 12.41 فیصد کمی کو ظاہر کرتا ہے، جبکہ بعد از ٹیکس منافع 1,225 ملین روپے رہا جو 12.02 فیصد کمی ہے۔ یہ نتائج بنیادی طور پر شرحِ سود میں کمی کے اثرات کو اجاگر کرتے ہیں جس نے ایکویٹی سے فنڈ کیے گئے پورٹ فولیو کی آمدنی کو متاثر کیا۔ اس کے باوجود، ہماری بنیادی طاقت کو اس وقت تقویت ملی جب VIS نے ہمیں طویل مدتی "AAA" اور قلیل مدتی "A1+" کریڈٹ ریٹنگ دی۔ پی اے سی آر اے (PACRA) نے ہماری کریڈٹ ریٹنگز برقرار رکھیں: طویل مدتی کے لیے "AA+" اور قلیل مدتی کے لیے "A1+"، جو نجی نان بینکنگ فنانشل انسٹی ٹیوشنز (NBFI) سیکٹر میں سب سے بلند ہیں۔

مستقبل کو دیکھتے ہوئے، اوایل پی اپنی حیثیت کو Catalyst of Inclusion کے طور پر مزید مستحکم رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔ ہمارا مشن محض مالی ثالثی تک محدود نہیں بلکہ اس کا مقصد محروم طبقات کو بااختیار بنانا، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں (SMEs) تک مالی سہولیات کی فراہمی کو وسعت دینا اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ترقی کے ثمرات مشترکہ خوشحالی کی صورت میں سب تک پہنچیں۔ یہ وژن ہمارے لوگوں میں رچا بسا ہے جو ہر کامیابی کے پیچھے متحرک قوت ہے، اور ان ادارہ جاتی مضبوطیوں میں ہے جو ہم نے تین دہائیوں میں تعمیر کی ہیں: مستحکم گورننس، مضبوط رسک مینجمنٹ اور پائیدار ترقی کے اصول۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے، میں اپنے تمام اسٹیک ہولڈرز، ریگولیٹرز اور ملازمین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جنہوں نے اس مشکل وقت میں کمپنی کو چلانے میں عزم اور لگن کے ساتھ اپنا حصہ ڈالا جسکی بدولت  آنے والے سالوں کے مواقعوں سے مستفید اور درپیش چیلنجز سے نمٹنے میں کارگر ثابت ہوگی۔

خالد عزیز مرزا

چیئرمین